# ۱۔ ضرورت پر مبنی سرگرمیاں

## ۱۔ تہذیبی اور عملی کام کی دنیا کا تعارف

**معلومات کے ذرائع** (اخبار، ریڈیو، ٹیلی وژن، انٹرنیٹ)





۱۔ اخبار میں شائع خبروں کو جمع کرنا۔

۲۔ ریڈیو پر خبریں سن کر ساتھیوں کو بتانا۔

۳۔ ٹی وی پر خبریں دیکھ کر یا سن کر اپنے پسندیدہ موضوع کی خبر کو تحریر کرنا۔

- **خبروں کی قسمیں**

تہذیبی، معلوماتی، ماحولیاتی، تعلیمی، سائنسی موضوعات پر مزیدار، پرجوش اور حوصلہ افزا خبریں۔

**میری سرگرمی :**

(۱) چنیدہ خبر ایک دوسرے کو بتانا یا پڑھ کر سنانا۔

(لہجہ، تلفظ اور رفتار کے ساتھ)

(۲) کیا آپ نے اسکول کے بورڈ پر لکھی معلومات پڑھی ہے؟

(۳) آپ کو جو معلومات یا خبر پسند آئی ہے، اسے بیاض میں لکھیے۔

- معلومات کے ذرائع سے کیا مراد ہے؟ اس کے بارے میں طلبہ کو معلومات دیں۔ ہر طالب علم کو معلومات یا خبر بتانے کا موقع دیں۔ خبر اور افواہ کے درمیان فرق کو بھی واضح کریں۔

## ۲ء۱ پانی کے استعمال

پانی زندگی ہے۔تمام جانداروں کو پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔اس کے علاوہ مختلف کاموں کے لیے پانی استعمال کیا جاتا ہے۔ہمیں سال بھر کی ضرورت پوری کرنے کے لیے درکار پانی بارش کے چار مہینوں میں حاصل ہوتا ہے۔پورے سال پانی کی فراہمی کے لیے اس کا استعمال نہایت منصوبہ بند اور مناسب طریقے سے کرنا ضروری ہے۔



### میری سرگرمی :

پانی سے متعلق کہاوتیں اور نعرے جمع کیجیے اور انھیں مناسب جگہ چسپاں کیجیے۔

۲۲ مارچ

**عالمی یومِ آب کے بارے میں مزید معلومات حاصل کیجیے۔**

♦ 'پانی کے استعمال' کے موضوع پر تصویر خوانی کے بعد مباحثہ کروائیں۔تصویر میں **غلط باتوں** کی نشان دہی کے بعد اس کے حل کے بارے میں طلبہ سے پوچھیں۔پانی کے منصوبہ بند استعمال کے لیے کیا کِیا جاسکتا ہے، اس موضوع پر مباحثہ کریں۔کفایت شعاری کے ساتھ پانی کے استعمال کے لیے 'میرا پانی بچت بینک' سرگرمی کرائیں۔

## ۲ء۲ پانی کی صفائی (خالص کرنے) کا طریقہ

صحت کے لیے پانی کا صاف اور خالص ہونا ضروری ہے۔ پینے کے لیے استعمال کیا جانے والا پانی ہمیں صاف نظر آتا ہے تب بھی ضروری نہیں کہ وہ خالص ہو۔ خالص پانی میں کوئی بو یا رنگ نہیں ہوتا۔ بیماری پھیلانے والے جراثیم، کیمیائی مادّے، کچرا (گھاس پھوس) یا نمکیات کی زیادہ مقدار والا پانی غیر خالص ہوتا ہے۔

**کیا آپ جانتے ہیں؟**


غیر خالص پانی کی وجہ سے ہمیں سنگین بیماریاں ہوسکتی ہیں مثلاً پیٹ کی بیماری، یرقان، پیچش وغیرہ۔ اسی لیے پانی کو خالص اور صاف کرکے پینا بہت ضروری ہے۔

- **پانی صاف کرنے کے چند گھریلو طریقے**

(۱) **گھولنا :** گدلے پانی میں پھٹکری گھما کر پانی کو ساکت رکھنے سے پانی میں موجود گاد تہہ میں بیٹھ جاتی ہے۔

(۲) **چھاننا :** صاف ستھرے کپڑے سے پانی کو چھان لینا۔

(۳) **اُبالنا :** چھانے ہوئے پانی کو اُبال کر ٹھنڈا کر لیا جائے۔



گھولنا



چھاننا



اُبالنا

### میری سرگرمی :

(۱) غیر خالص پانی سے ہونے والی بیماریوں کے بارے میں معلومات حاصل کیجیے۔

(۲) گھر کے پانی کو خالص بنانے کے لیے آپ کون سا طریقہ اختیار کریں گے؟

(۳) ذیل کی سرگرمیاں کیجیے۔



گدلا پانی — گھولنا — پھٹکری گھمانا — چھاننا

♦ اپنے قریبی پانی صاف کرنے والے پلانٹ (مرکزِ تخلیص) کی سیر کا اہتمام کریں۔

## ۳۔ آفات کا حسنِ انتظام

**'آفت یعنی مصیبت اور حسنِ انتظام یعنی مناسب منصوبہ بندی'**

- **آفات کی قسمیں**

(۱) قدرتی آفات (۲) انسان کی پیدا کی ہوئی آفات

### (۱) قدرتی آفات

زلزلہ، طوفان، سیلاب، جنگل کی آگ، قحط وغیرہ قدرتی آفات ہیں۔ آفات کے حسنِ انتظام کے ذریعے ان آفات سے بچاؤ یا ان کے اثرات میں کمی کرکے زندگی کو آسان بنایا جاسکتا ہے۔

### (۲) انسان کی پیدا کی ہوئی آفات

انسانوں کی لاپروائی اور غیر ذمہ داری کی وجہ سے انسان کی پیدا کی ہوئی آفات رونما ہوتی ہیں۔ اسی لیے ان کو انسان کی پیدا کی ہوئی آفات کہا جاتا ہے مثلاً ٹریفک کے قوانین کی خلاف ورزی، تیز رفتاری سے گاڑی چلانا، پانی ضائع کرنا، پنکھے، قمقمے اور نل بند نہ کرنا۔







تصویر خوانی





**میری سرگرمی :** بھیڑ بھاڑ والے علاقے میں آپ کن باتوں کا خیال رکھیں گے؟

◆ آفات کے حسنِ انتظام کے موضوع پر تصویر خوانی کروا کر مباحثہ کرائیں۔ طلبہ سے پوچھیں کہ تصویروں میں دکھائے ہوئے مواقع پر کون سی تدبیر متوقع ہے۔ انسان کی پیدا کی ہوئی آفات کی روک تھام کے لیے کیے جانے والے اقدامات کی وضاحت کریں۔